# Official Spokesperson's response to a media query about Chinese MFA spokesperson’s comments on the recent visit of Hon’ble Vice-President of India to Arunachal Pradesh

October 13, 2021

## چینی وزارت خارجہ کے ترجمان کے ہندوستان کے عزت مآب نائب صدر کے حالیہ دورہ اروناچل پردیش کے حوالے سے بیانات کے بارے میں میڈیا کے سوال پر سرکاری ترجمان کا جواب

13 اکتوبر، 2021

**چینی وزارت خارجہ کے ترجمان کے ہندوستان کے عزت مآب نائب صدر کے حالیہ دورہ اروناچل پردیش کے حوالے سے بیانات کے بارے میں میڈیا کے سوال پر سرکاری ترجمان جناب ارندم باغچی نے کہا:**

"ہم نے آج چین کے سرکاری ترجمان کے تبصرے کو نوٹ کیا ہے۔ ہم اس طرح کے تبصروں کو مسترد کرتے ہیں۔ اروناچل پردیش بھارت کا ایک لازمی اور اٹوٹ حصہ ہے۔ ہندوستانی رہنما معمول کے مطابق اروناچل پردیش کا سفر کرتے ہیں جیسا کہ وہ ہندوستان کی کسی بھی دوسری ریاست کا سفر کرتے ہیں۔ ہندوستانی رہنماؤں کے ہندوستان کی ریاست کے دورے پر اعتراض کرنا ہندوستانی لوگوں کی عقل وفہم سے باہر ہے۔

مزید یہ کہ جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا ہے، ہندوستان- چین سرحدی علاقوں کے مغربی سیکٹر میں ایل اے سی پر موجودہ صورتحال دو طرفہ معاہدوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے چین کی طرف سے یکطرفہ کوششوں کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ لہذا، ہم توقع کرتے ہیں کہ چینی فریق مشرقی لداخ میں ایل اے سی پر بقیہ مسائل کے جلد حل کے لیے کام کرے گا اور ساتھ ساتھ میں غیر متعلقہ مسائل کو اٹھانے کے بجائے دوطرفہ معاہدوں اور پروٹوکول کی مکمل پاسداری کرے گا۔

**نئی دہلی**

**13 اکتوبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.